ماڈیول 1

کیا کردار ہے!

ہیلو، فیملی!

اگلے تین ہفتوں کے دوران، ہماری کلاس حقیقت پسندی کی افسانہ نگاری کی طرز تحریر پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، کہانی کے کرداروں اور کیا ان کو منفرد بناتی ہے، اپنے علم کی تعمیر کرے گی۔ ہم دلچسپ کرداروں کے بارے میں عبارتیں پڑھیں گے جو کسی چیلنج کا سامنا کرنے کے وقت اپنے آپ سے سچے ہوتے ہیں۔ بچے اس بارے میں ایک وضاحتی مضمون بھی لکھیں گے کہ مصنف کس طرح اپنے کرداروں کو قارئین کے لیے دلچسپ بناتے ہیں۔

اسے گھر لائیں! پورے خاندان کے لیے سیکھنے کی تفریح!

موضوع پر تبادلۂ خیال کریں

اپنے بچے/بچی کے لیے روزانہ وقت مختص کریں کہ وہ جو کچھ سیکھ رہا/رہی ہے اسے آپ کے ساتھ شیئر کرے۔ اس موضوع کے بارے میں اپنے بچے کے علم کی تعمیر میں مدد کرنے کے لیے ان خیالات کا استعمال کریں:

- ان خیالات کے بارے میں بات کریں جو آپ کے بچے نے ہر ہفتے علم کے نقشے میں شامل کیے ہیں۔
- ان عبارتوں کے بارے میں پوچھیں جو آپ کا بچہ یا بچی پڑھ رہا/رہی ہے، اور یہ کہ اس نے ان سے کیا سیکھا ہے۔
- اپنے بچے کے ساتھ موضوع کے بارے میں اپنے سوالات شیئر کریں، اور جوابات تلاش کرنے کے لیے مل کر کام کریں۔

طرز تحریر کے بارے میں تحقیق کریں

اس ماڈیول میں طرز تحریر کی توجہ حقیقت پسندانہ افسانہ پر مرکوز ہے ہے۔ اپنے بچے کے ساتھ اس طرز تحریر کی خصوصیات پر تبادلۂ خیال کریں۔

اپنے بچے سے کہیں کہ وہ ہر روز آپ کو پڑھ کر سناغے اور ساتھ پڑھنے کے لیے وقت دیں۔

ایسی عبارتیں تلاش کریں جو:

- آپ کے بچے کے تجسس کو جلا بخشیں۔
- ماڈیول کے موضوع سے مربوط کریں۔
- ان کرداروں کے بارے میں بتائیں جو آپ کے بچے کی طرح منفرد ہیں۔
- ان مسائل یا خدشات کی عکاسی کریں جن کو آپ کا بچہ پہچان سکتا ہے یا ان کا سامنا کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ذخیرۂ الفاظ بنائیں

ایک بھرپور ذخیرۂ الفاظ بنانے میں اپنے بچے کی مدد کرنے کے لیے ان خیالات کا استعمال کریں۔

ایک بڑا خیال اپنے بچے کے ساتھ روزمرہ کی گفتگو میں موضوع کے الفاظ انفرادیت (individuality)، منفرد (unique)، خصوصیت (feature) اور شخصیت (personality) کا استعمال کریں۔ اس طرح کے اشاروں کا استعمال کریں: آپ کی **منفرد** ہونے کا ایک طریقہ کیا ہے؟ ایک ایسی **خصوصیت** بیان کریں جو آپ کسی دوست میں تلاش کرتے ہیں۔

اس کا کیا مطلب ہے؟ اپنے بچے کے ساتھ اس کے اہم الفاظ کا ذخیرۂ الفاظ بڑھانے میں مدد کریں۔ ایک دوسرے سے ان کے مفہوم کے بارے میں پوچھیں۔

ورڈ ہنٹ کتابوں، رسالوں، آن لائن تحریروں اور ماحولیاتی پرنٹ میں سابقوں *-mis*، *-un* اور *-non* اور لاحقوں *ful-* اور *less-*، کے ساتھ الفاظ تلاش کریں۔

© Houghton Mifflin Harcourt Publishing Company. All rights reserved.